Tilawat-e-Quraan ke Adaab

Jam'yyat Ahle Hadees, Buldana

تلاوت قرآن کے آداب

ارشد بشیر مدنی حفظہ اللہ

17 تین دن سے کم مدت میں قرآن ختم نہ کریں (ابو داود: 1394، صحیح ابو داود: 1260)، بعض علماء نے صرف رمضان میں اجازت دی ہے صحابہ کے عمل کو دلیل بنا کر۔ (لطائف المعارف لابن رجب: ص 171)

18 ایک مہینے میں ایک مرتبہ قرآن ختم کرنا مستحب ہے (صحیح بخاری: 5054)

19 ایک قول کے مطابق پاک آدمی (غیر جنبی) وضوء کے بغیر قرآن چھو سکتا ہے جبکہ دوسرا قول ہے کہ وضوء کے ساتھ چھونا واجب ہے (بہتر ہے وضوء کر لے تاکہ اختلاف سے باہر نکل جائے) (صحیح بخاری: 183)

20 حائضہ خاتون دستانے پہن کر، کپڑے کی آڑ سے مصحف کو چھو سکتی ہے فتوی ابن باز (اختلاف سے باہر نکلنے کی یہ ایک شکل ہے) (صحیح بخاری معلقا: 297)

21 گانوں کے انداز میں قرآن نہ پڑھیں۔ (سلسلہ صحیحہ: 979)

22 بے فائدہ باتوں کے لیے قراءت منقطع نہ کرے۔

23 ہمیشہ تلاوت کا معمول بنائیں اور قرآن کی محافظت کرے تاکہ اسے بھول جانے کا عارضہ پیش نہ آئے-حدیث میں آتا ہے، عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اور جب قرآن کو یاد کرنے والا کمربستہ ہو کر دن رات اسے پڑھتا رہے تو اسے یاد رہتا ہے اور اگر ایسا نہ کرے تو بھول جاتا ہے۔ (صحیح مسلم: 789)

24 جس قدر ممکن ہو قرآن کو اچھی آواز سے پڑھے۔ اللہ کا فرمان ہے: ورتل القرآن ترتیلا (سورۃ المزمل: 4)، "اور قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر صاف پڑھا کر۔ اور حدیث میں بھی آیا ہے: زینوا القرآن بأصواتکم۔ "قرآن کو اپنی آواز سے مزین کرو (سنن ابی داود: 1468)

25 قرآن کی قراءت سنتے وقت خاموش رہنا واجب ہے کیوں کہ اللہ تعالی کا فرمان ہے: وإذا قرئ القرآن فاستمعوا له وأنصتوا لعلكم ترحمون (سورۃ الأعراف: 204) "اور جب قرآن پڑھا جائے تو اسے توجہ سے (کان لگا کر) سنو اور خاموش رہو تاکہ تم پر رحم کی جائے

26 مصحف (قرآن) کا احترام کرے، اسے زمین پر رکھے نہ اس کے اوپر کوئی چیز رکھے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مَّرْفُوعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ فِي صُحُفٍ مُّكَرَّمَةٍ (سورۃ عبس: 13،14)، "(وہ) قابل احترام صحیفوں میں (محفوظ) ہے- جو بلند و بالا اور پاکیزہ ہیں"

حفظ اللہ **ارشد بشیر مدنی**
Fonder & Director
Www.askIslampedia.com

سجدہ تلاوت کے احکام

1 سجدہ تلاوت کا مطلب ابلیس کی روش سے دوری۔

2 سجدۂ تلاوت پڑھنے اور سننے والے دونوں کے لیے مستحب ہے ، فرض نہیں۔ (صحیح بخاری:1079)

3 سجدہ تلاوت مکروہ اوقات میں بھی جائز ہے کیونکہ سببی سجدہ ہے۔ (ابن عثیمین)

4 بوقت ضرورت قبلہ بھی شرط نہیں

5 سواری پر سجدہ جائز ہے۔

6 سجدہ کی مسنون دعا: **سَجَدَوَجْهِي لِلَّذِي خَلَقَهُ وَشَقَّ سَمْعَهُ وَبَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَقُوَّتِهِ فتبارك الله أحسن الخالقين**

ترجمہ: میرے چہرے نے اس ذات کو سجدہ کیا جس نے اپنی قوت و طاقت سے اسے پیدا کیا اور اس کے کان اور آنکھ بنائے۔ (ابوداود:1414)

7 کمپیوٹر یا ٹیپ ریکارڈر سے تلاوت سنتے ہوئے سجدہ تلاوت کی آیت پر سجدہ کرنے سے متعلق ظاہر حکم یہی ہے کہ اس وقت سجدہ کرنا شرعی عمل نہیں ہے تلاوت سننے والے کیلیۓ سجدہ کرنا اسی وقت جائز ہوگا جب تلاوت کرنے والا بھی سجدہ کرے۔

"مجموع فتاوی ابن باز" (11/415) اسی سے ملتی جلتی گفتگو "الشرح الممتع" (4/133) میں بھی ہے۔

8 سجدۂ تلاوت کے بعد اللہ اکبر کہہ کر سجدہ سے سر اٹھانا ثابت نہیں۔

9 السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہہ کر سلام پھیرنا بھی جائز نہیں۔

9921504690 | 8855876645

Arshad Basheer Madni
Fonder & Director
Www.askislampedia.com

Last modified: 10:09 pm